ممبئی میں ہر روز 26 افراد کو پیٹ کی بیماری کا سامنا

گزشتہ تین ماہ کے دوران پیٹ سے متعلق بیماریوں کے 2848 مریضوں کے سامنے آنے پر بی ایم سی فکر مند



ممبئی (ایجنسی) اگر آپ سڑک کے کنارے پر موجود کھانا اور مشروبات کھاتے ہیں تو پھر آپ ہوشیار رہیں۔ بی ایم سی کے ہیلتھ ڈپارٹمنٹ سے حاصل کردہ اعداد وشمار کے مطابق ممبئی میں گزشتہ تین ماہ کے دوران پیٹ سے متعلق بیماریوں کے 2848 مریض سامنے آئے۔ اس طرح روزانہ ممبئی میں 26 لوگوں کو پیٹ کی بیماری کا سامنا کرنا پڑا۔

بی ایم سی ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ سے منسلک ایک افسر نے کہا کہ موسم گرما کے دوران انفیکشن میں اضافہ ہوجاتا ہے بلکہ سڑک کنارے فروخت ہونے والی چیزوں پر عوام کا انحصار بھی زیادہ ہوجاتا ہے۔ ان جگہوں پر صاف صفائی کی سہولیات کی کمی ہونے کی وجہ سے اس طرح کے مسائل میں اضافہ ہوجاتا ہے اور کبھی کبھی ان جگہوں پر گاہکوں کو باسی کھانہ مہیا کرنے پر لوگوں کو پیٹ کی بیماری کی شکایت ہونے لگتی ہے۔

موسم گرما کے دوران زیادہ تر لوگ مشروبات کا استعمال کرتے ہیں، یہاں بھی صفائی کی کمی ہوتی ہے اور آلودہ برف کے استعمال کے سبب بیماری مشروبات کے ذریعے عوام تک پہنچ جاتی ہے۔ سائن اسپتال کے گیسٹرولاجی محکمہ کے سربراہ ڈاکٹر آکاش شکلا نے کہا کہ سڑک کنارے بنائے گئے کھانا کھانے کی وجہ سے پیٹ میں خرابی کی شکایتیں لوگوں میں بڑھتی جاتی ہیں، یہاں تک کہ گھر میں بھی اگر کھانا بنانے میں صفائی کے معاملے پر لاپروائی برتی گئی تو اس طرح کا مسئلہ ہوسکتا ہے۔

اس معاملے میں انہوں نے مزید کہا کہ شہری کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ دھولیں، باسی کھانا نہ کھائیں، کھلے میں فرخت ہونے والے اور کٹے ہوئے پھل کھانے سے گریز کریں، ممکن ہوتو ابلا ہوا پانی کا استعمال کریں اور ہمیشہ تازہ اور گرم کھانا کھائیں۔

24 گھنٹے میں لاپتہ بچے کو تلاش کرنے میں پولیس کامیاب

نالاسوپارہ پولیس کی بروقت کارروائی سے والدین نے راحت کی سانس لی، ٹاکی پاڑہ علاقے سے غائب ہوئے بچے کو وہاٹس ایپ کی مدد سے تلاش کیا گیا

نالہ سوپارہ (ایس این بی) نالہ سوپارہ ٹاکی پاڑا سے ایک گمشدہ بچے کو صرف چوبیس گھنٹے کے اندر ہی ڈھونڈنے میں پولس کو کامیابی حاصل ہوئی ہے۔

تفصیلات کے مطابق کل صبح پونے گیارہ بجے کے قریب سوپارہ گاؤں سے متصل ٹاکی پاڑا علاقے میں رہائش پذیر ایک غریب فیملی کا دس سالہ آرین انڈے لینے کیلئے گیا اور غائب ہوگیا۔ آدھے گھنٹے میں ہی اس کے اسکول جانے کا وقت ہوا تو ماں اسے تلاش کرنے نکلی لیکن دور دور تک اس کا کوئی پتہ نہیں چلا۔ اطلاع ملتے ہی اطراف کے پڑوسی بھی بچے کو ہر جگہ تلاش کرنے لگے اس واقعے کی پولس کو بھی اطلاع فراہم کی گئی اور پولس نے بھی واٹس ایپ اور دیگر گروپ پر میسج میں بچے کی تصویر عام کردی۔ دیر رات تک والدین اور پڑوسیوں نے نالہ سوپارہ کا چپہ چپہ چھان مارا لیکن آرین کا کہی پتہ نہیں تھا والدین کا رو رو کر برا حال تھا۔ صبح علاقے کے بھنگار والے جب کلم کی طرف بھنگار جمع کرنے گئے تو ایک بھنگار والے کو ایک بچہ وہاں پر کھیلتا ہوا نظر آیا۔ جس پر اس نے واٹس ایپ پر بھیجے گئے میسج سے اس بچے کی تصویر ملائی اور اس کی اطلاع پولس اور اس کے گھر والوں کو فراہم کی۔

اطلاع ملتے ہی پولس اس کے والد کے ساتھ بتائے ہوئے راستے پر گئی جہاں بچہ کھیلتے ہوئے پایا گیا۔ بچے کو پاکر والدین خوشی کے آنسو روک نہیں پائے۔ انہوں نے اس موقع پر پولس ڈپارٹمنٹ اور خاص طور پر لہڑے صاحب اور پی ایس آئی سوناونے کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا جنہوں نے بڑی محنت اور جانفشانی سے بچے کو ڈھونڈنے میں ان کی مدد کی۔

بچے کے ملنے پر علاقائی عوام نے راحت کی سانس لی۔ پی ایس آئی سوناونے نے اس نمائندے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ والدین اور ٹیچرس دونوں کو بچوں کی نفسیات پر توجہ دیکر ہر بچے سے الگ الگ برتاؤ کرنا چاہئے تاکہ بچہ کسی تناؤ کے سبب اگر پریشان ہو تو وہ اپنے والدین اور اساتذہ سے اپنی باتیں شیئر کرسکے اور علاقے میں اگر کسی طرح کی کوئی غیر قانونی سرگرمیاں جاری ہو تو اس کی اطلاع پولس کو فراہم کرے تاکہ بروقت کارروائی کی جاسکے۔

کینسر کے علاج کے بعد عرفان خان کی پہلی شوٹنگ

بالی ووڈ اداکار کو دیکھ کر سیٹ پر موجود سبھی لوگ جذباتی ہوگئے

ممبئی (ایجنسی) کینسر کے علاج کے بعد ممبئی پہنچے بالی ووڈ اداکار عرفان خان کے تعلق سے فلم ساز دینیش ویزن نے کہا کہ جب عرفان خان 'انگلش میڈیم' کے لئے سب سے پہلے شوٹنگ کی تو فلم کی پوری ٹیم جذباتی ہوگئی۔ 52 سالہ اداکار جو حال ہی میں ملک واپس آئے ہیں، انہوں نے اپنی دوسری فلم 'انگریزی میڈیم' کے لئے شوٹنگ شروع کردی ہے۔ ایک سال پہلے انہیں نیروایڈوکرائن ٹیومر کی تشخیص کی گئی تھی اور بیرون ملک میں ان کا علاج چل رہا تھا۔ دینیش نے ایک بیان میں کہا کہ بے شک عرفان خان ملک کے بہترین اداکاروں میں سے ایک ہیں، جب انہوں نے فلم کا پہلا شاٹ دیا تو سب جذباتی ہو گئے۔ ہندی میڈیم کے بعد دوبارہ ان کے ساتھ کام کرنا میرے لئے زندگی کی معنی کی وضاحت کرنے کا ایک لمحہ ہے۔ ان کا اور ہومی کا ایک ساتھ ہونا کچھ ایسا ہے جو ہم تینوں ایک ساتھ چاہتے ہیں۔ پروڈیوسر نے کہا کہ عرفان جذباتی نہیں تھا اور پہلے کی طرح معمول پر تھے، 'ہندی میڈیم' میں، عرفان نے دہلی کے ایک تاجر، راجا باترا کا کردار ادا کیا، جبکہ اس فلم میں وہ ادے پور کے چمپک کا کردار ادا کر رہے ہیں، جو ایک اچھا کام ہے۔

عیاں رہے کہ گزشتہ روز ممبئی پہنچنے کے بعد عرفان خان نے ٹیوٹر پر اپنے مداحوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا تھا کہ ان کی دعاؤں کے سبب وہ ٹھیک ہیں اور ان کے پیار کے ذریعہ ہی ان کی زندگی کی دوسری کڑی جڑی ہوئی ہے۔ انہوں نے اپنے فینس کو مبارکباد دی تھی۔

صوفی منصور الحسن شاہ ابوالعلائی کا یوم ولادت جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا

تھانے (انوارالحق خان/ایس این بی) سلسلہ قادریہ، چشتیہ، ابوالعالیہ کے مشہور ومعروف بزرگ حضرت صوفی منصور الحسن شاہ قطب اولیاء قدس اللہ سرہ العزیز کی درگاہ ممبئی بھانڈوپ کے کھنڈی پاڑہ علاقہ میں واقع ہے اور وہی عقب میں منصور میاں کے خلیفہ اور مرید خاص صوفی عبدالنعیم عطاء شاہ خادم قطب اولیاء دامت برکاتہم العالیہ کی خانقاہ بھی موجود ہے۔ حال ہی میں نعیم میاں نے خانقاہ محفل منصوری پر صوفی منصور الحسن شاہ کا یوم ولادت نہایت جوش وخروش کے ساتھ منایا جس میں منصور میاں کے خلفاء، مریدین، نعیم میاں کے خلفاء، مریدین و معتقدین متوسلین و وابستگان سلسلہ نے کثیر تعداد میں شرکت فرمائی۔

اس موقع پر نعیم میاں کے فرزندان حافظ سلطان صلاح الدین خان، نورالدین خان ومعین الدین خان بھی موجود تھے وہی منصور میاں اور نعیم میاں سے عقیدت ومحبت رکھنے والے غیر مسلم حضرات نے ممبئی، تھانے، بھیونڈی و اطراف سے کثیر تعداد میں شرکت فرما کر فیوض و برکات حاصل کیے۔ اس موقع پر آئے ہوئے مہمان کے لیے لنگر کا اہتمام بھی کیا گیا تھا۔ صوفی منصور الحسن شاہ ایک باکمال بزرگ شخصیت کے مالک تھے۔ منصور میاں صوفی محمد حسن شاہ قدس سرہ العزیز بھینسوڑی شریف رامپور یوپی کے خلیفہ تھے اور مجاہد آزادی تھے۔ پہلے وہ نیتا جی سبھاش چندر بوس کی آزاد ہند فوج میں تھے اور آزادی کے بعد انہوں نے ممبئی میں ہی سکونت اختیار کرلی اور اپنی تمام عمر ذکر الٰہی اور تصوف کے درس وتدریس میں صرف کی۔ اس موقع صوفی عبدالنعیم عطاء شاہ نے ممبئی سمیت ملک بھر میں امن وامان، اخوت بھائی چارگی اور عالم اسلام کے اتفاق واتحاد کیلئے رقت انگیز دعا کی۔

اے ایم پی کے پروفیشنل تربیتی میلہ میں سینکڑوں نوجوانوں کی شرکت

ممبئی (ایجنسی) آج یہاں ایسوسی ایشن آف مسلم پروفیشنلز (اے ایم پی) اور سوشل گروپس آف شیخ مصری (ایس جی ایس) کے زیر اہتمام منعقد کیے گئے ہنرمندی تربیتی میلہ (اسکیل ٹریننگ کیمپ) میں سینکڑوں امیدواروں نے شرکت نے اس میلہ کو کامیابی کرنے میں مدد کی اور اے ایم پی کے روح رواں عامر ادریسی نے اس موقع پر تنظیم کے اس عزم کو دوہرایا کہ اس مہم کے تحت رواں سال کے دوران تقریباً دس ہزار نوجوانوں کو مختلف اسکیموں کے ذریعہ اسکل ٹریننگ دی جائے گی، تاکہ وہ مستقل روزگار حاصل کرسکیں۔ جبکہ اس سلسلہ کو ممبئی اور تھانے کے پسماندہ علاقوں اور اقلیتی بستیوں میں مسلسل منعقد کیا جائیگا۔

واضح رہے جنوب وسطی ممبئی کے انٹاپ ہل شیخ مصری علاقہ میں واقع حضرت محی الدین بھٹکلی شاہ درگاہ کے کمپاونڈ میں منعد کیے گئے، اے ایم پی اور سوشل گروپس شیخ مصری کے اس تربیتی کیمپ میں دوسو سے زائد نوجوانوں نے مختلف شعبوں میں ملازمت کے لیے رجسٹریشن کرایا اور آٹوموبائیل، آئی ٹی، ہیلتھ کیئر، بینکنگ اور مالیات، ایچ آر اور بھرتی، اے سی اور فریج وغیرہ نے حصہ لیا اور نوجوانوں کی خواہش کے تحت انہیں مشوروں سے نوازا گیا۔ اس کیمپ میں بلا امتیاز مذہب وملت نوجوانوں نے شرکت کی اور اہم کمپنیوں کے ذریعہ تربیت حاصل کی، کمپنیوں کے نمائندوں نے بھی بھرپور تعاون کیا اور قوم کو یہ پیغام دیا گیا کہ اگر نوجوانوں کو ان کی خواہش کے مطابق اور کارآمد ملازمت دلانے میں مدد کی جائے تو کامیابی ہاتھ لگ سکتی ہے۔

اس کیمپ میں شریک امیدواروں سے گفتگو کرتے ہوئے معروف سماجی رہنماء اور کریئر رہنمائی کے لیے سرگرم سلیم الوارے نے انہیں کارپوریٹ کے اداروں میں ملازمت کے حصول کے لیے طریقہ کار سمجھایا اور ہنرمند نوجوانوں کے لیے کریئر کے لئے مفصل تقریر کی۔ ابتداء میں سوشل گروپس آف شیخ مصری کے سنئیر رکن اور صحافی جاوید جمال الدین نے مطلع کیا کہ اس کیمپ میں آٹھویں، نویں اور دسویں جماعت کے کامیاب طلباء کے ساتھ ساتھ گریجویٹس بھی شرکت کرسکتے ہیں۔ انہوں نے اے ایم پی اور کمپنیوں کے نمائندوں کا شکریہ ادا کیا کہ انٹاپ ہل جیسے ایک پسماندہ علاقہ میں بے روزگار نوجوانوں کے لیے تربیت اور انہیں جاب کے لیے آسانی پیدا کرنے کے لیے اس نوعیت کا کیمپ منعقد کیا گیا، اس اہم ترین کام کے لیے حضرت بھٹکلی شاہ درگاہ کے ٹرسٹیوں، فاروق اور ریاض شیخ، مسجد کے امام وخطیب مولانا شاہد کے ساتھ ساتھ سوشل گروپ سے وابستہ امیر پیچے، یونس یمنور، طیب صاحب، ذوالفقار مقری نے نیک خواہشات پیش کیں۔

تین مہینے تک آئی سی یو میں رہنے کے بعد بچہ صحت مند

امبرناتھ (ایجنسی) امبرناتھ کے نالے سے تین مہینے قبل ایک نوزائیدہ بچہ ملا تھا، صرف چند گھنٹے پہلے نوزائیدہ بچے کی پیدائش ہوئی تھی، اسے ایک اسپتال میں داخل کرایا گیا تھا جہاں معلوم ہوا کہ وہ بری طرح سے متاثر ہے۔ اسے بچنے کی توقع نہیں تھی، لیکن آئی سی یو میں تین مہینے تک رکھنے کے بعد بچہ مکمل طور پر صحت مند ہوگیا۔ گزشتہ روز اسپتال سے اسے ڈسچارج دے دیا گیا۔ ڈاکٹروں نے کہا کہ بچہ کا بچ پانا بہت مشکل تھا لیکن وقت پر علاج ہونے کے سبب اس کی زندگی بچ گئی۔ عیاں رہے کہ 30 دسمبر 2018 کو امبرناتھ کی ایک نالی سے اسے برآمد کیا گیا تھا۔

قبض، گیس ایسیڈیٹی
Dr. Juneja's
پیٹ صفا
Natural Laxative GRANULES
اثر پہلے دن سے اور
اس کی عادت بھی نہیں پڑتی
پیٹ سفا تو ہر روگ دفا

ممبئی اور مہاراشٹر کی مزید خبریں صفحہ نمبر 2 اور 5 پر ملاحظہ فرمائیں۔

HAJ COMMITTEE OF INDIA
(Statutory body constituted under the Act of Parliament No. 35 of 2002)
Ministry of Minority Affairs, Government of India.

Congratulates its Students Successful in Civil Services Examination- 2018 held by UPSC.

Mr. Junaid Ahmed
All India Rank-3

Mr. Shaikh Zaib
All India Rank-225

Mr. Mohd. Mustafa
All India Rank-613

IAS & Allied Services, Coaching & Guidance Cell, Bait-ul-Hujjaj (Haj House), 7-A, M.R.A. Marg (Palton Road), Mumbai - 400 001. **Contact :** 022-22717148 & 9867719158.
Follow us on facebook @hajiascgc

Download prospectus of Residential Coaching Programme for 2019-20 from the website http://hajcommittee.gov.in.
Apply within 8th April, 2019 to 7th May, 2019.

Dr. Maqsood Ahmed Khan,
Chief Executive Officer,
Haj Committee of India.

سیم پٹرودا ممبئی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے دیکھے جاسکتے ہیں۔ (تصویر: گوتم سین)

اعلانات

صحن صابری میں دو عظیم الشان جشن

مالونی ملاڈ، ممبئی کی قدیم دینی درس گاہ جامعہ صابریہ کا 21 ویں صابر پاک کانفرنس وجامعۃ الفقیہات کا 12 واں جشن ردائے فضیلت مندرجہ تاریخوں میں منعقد ہونے جارہا ہے۔ ختم بخاری شریف کی تقریب 13 اپریل 2019ء بروز سنیچر صبح 10 بجے ہوگی۔ جشن ردائے فضیلت 14 اپریل بروز اتوار صبح 10 بجے رمضان علی ہال، مالونی نمبر 7، ملاڈ، ممبئی میں ہوگا۔ صابر پاک کانفرنس 15 اپریل 2019 بروز پیر بعد نماز مغرب، ہمگری بلڈنگ، اعظمی نگر، مالونی، ملاڈ، ممبئی میں منعقد کی گئی ہے۔ سید ساجد علی میاں صاحب چشتی صابری کی سرپرستی میں ڈاکٹر سید شمیم الدین احمد منعمی، سجادہ نشین خانقاہ منعمیہ، پٹنہ، بہار تقریر کریں گے۔ آپ سے التماس ہے کہ ان نورانی محافل میں اپنے گھر کی خواتین کے ساتھ شرکت فرمائیں۔

عقیل احمد صابری، مالونی ملاڈ

Anjuman-I-Islam's
KALSEKAR TECHNICAL CAMPUS
NEW PANVEL
Approved by All India Council for Technical Education (AICTE), New Delhi, Recognized by Directorate of Technical Education (DTE), Government of Maharashtra and Affiliated to University of Mumbai.
School of Engineering & Technology
ADMISSION NOTIFICATION 2019-2020
Ph.D. in Civil Engineering
Applications are invited from eligible candidates for the seats listed in the following table:

PROGRAMME	ELIGIBILITY CRITERIA
Ph.D. in Civil Engineering	The candidate should be a post graduate of this University or any other UGC recognized University with relevant subject having minimum 55% marks, at his post-graduation level and has successfully cleared the entrance test for Ph.D. (PET) conducted by the university prior to admission for the Ph.D. program in the given subject. Or Other Exemption as per the University of Mumbai Ordinance O.6223

Admission Form and Prospectus fees: Rs.1500/- Registration fees: Rs. 500/-.
Sale of Forms starts from 08th April 2019 to 20th April 2019 and Last date for Verification and Submission of application is from 9.00 am to 5.00 pm on all working days till 22nd April 2019.
Admission Form can be obtained directly from the address given below:
Plot # 2 & 3, Sector 16, Khandagaon, Near Thana Naka, New Panvel, Navi Mumbai 410206.
Tel. Nos. : 022 - 27481247/ 48 / 49 Mobile Nos.:9619007865 / 7045316768
Email: aiktc.newpanvel@gmail.com Website: www.aiktc.org
Dr. Zahir I. Kazi, Hon. President, Anjuman-I-Islam
Mr. G.A.R. Shaikh, Hon. Gen. Secretary, Anjuman-I-Islam
Mr. Burhan Harris, Hon. Exe. Chairman, BINM, Anjuman-I-Islam
Dr. A. Razak Honnutagi, Director, AIKTC, New Panvel

دیوار ریل روکو معاملہ: نامعلوم 25 خواتین کے خلاف مقدمہ

تھانے (ایجنسی) جمعرات کی صبح پولیس نے دیوا ریلوے اسٹیشن پر لوکل ٹرینوں کو روکنے کے معاملے میں نامعلوم خواتین کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے۔ پولیس کی طرف سے موصول معلومات کے مطابق صبح 7.09 بجے دیوا اسٹیشن کے پلیٹ فارم نمبر 4 پر 20 سے 25 نامعلوم خواتین نے دیگر خواتین مسافروں کو ٹرین پر چڑھنے سے روکا، خواتین نے اس کے خلاف احتجاج کیا اور ٹرین کو روک دیا۔ ٹرین کے آپریشنل میں رکاوٹ پہنچانے کے معاملے میں تھانے جی آر پی نے 20 سے 25 نامعلوم خواتین کے خلاف آئی پی سی 1860 کی دفعہ 143، 145، 149، 188، ممبئی پولیس ایکٹ 1951 کی دفعہ 37(1)، (3) اور 135 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ اس بارے میں تھانے جی آر پی کی سینئر لیڈی انسپکٹر اسمیتا ڈھاکنے نے بتایا کہ معاملے کی چھان بین جاری ہے اور نامعلوم خاتون مسافروں کا پتہ لگایا جارہا ہے۔ اسٹیشن کے احاطے میں لگے سی سی ٹی وی کی بھی تحقیقات کی جارہی ہے۔